قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

الھدیٰ نیوز لیٹر

اکتوبر تا دسمبر 2022 ، ربیع الاول تا جمادی الثانی 1444ھ | شمارہ 21

قرآن وسنت کی تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو کہ دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

اخلاص | امانت وصداقت | صبر واستقامت | خیر خواہی | لگن | نظم وضبط | عزت واحترام

حمد و ثنا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى نِعَمِهٖ وَفَضْلِهٖ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُسْتَقِيْمٍ، أَحْمَدُهٗ سُبْحَانَهٗ، وَهُوَ الْبَرُّ الرَّؤُوْفُ الرَّحِيْمُ

تمام قسم کی حمد اللہ کے لیے ہے اس کی نعمتوں پر اور اس کی مہربانیوں پر، تمام قسم کی حمد اللہ کے لیے ہے وہ جس کو چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف ہدایت دیتا ہے،

میں اللہ سبحانہ کی حمد کرتی ہوں اور وہ احسان فرمانے والا، بہت نرمی کرنے والا اور نہایت رحمت کرنے والا ہے۔

خوش گوار زندگی گزارنے کے طریقے

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے انسان کو پیدا کیا اور اسے عقل عطا کی جس کی وجہ سے اس نے دنیا میں زندگی گزارنے کے بہت سے طریقے سیکھے تاکہ وہ اپنی ضروریات کو پورا کر سکے۔ انسان کی زندگی بے مقصد نہیں اور نہ ہی اللہ تعالیٰ نے اس کو صرف عقل کے حوالے کیا بلکہ ہر دور میں انسانوں میں سے ہی پیغمبر بھیجے، ان پر وحی کی جس کی روشنی میں وہ لوگوں کی راہ نمائی کرتے تھے۔ جن لوگوں نے ان کی باتوں کو مان لیا اور اپنے عمل درست کر لیے ان کی نہ صرف آخرت سنور گئی بلکہ انہوں نے دنیا میں بھی بہترین زندگی گزاری۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"جو شخص بھی نیک عمل کرے گا، خواہ مرد ہو یا عورت بشرطیکہ وہ مومن ہو تو ہم اسے پاکیزہ زندگی بسر کرائیں گے اور (آخرت) میں ان کے بہترین اعمال کے مطابق انہیں ان کا اجر عطا کریں گے۔" [النحل: 97]

کامیاب اور خوش گوار زندگی گزارنے کے لیے ذیل میں دیے گئے نکات پر عمل کرنا بے حد مفید ہے جو قرآن وسنت کی روشنی میں مرتب کیے گئے ہیں:

نیت، ایمان اور عمل صالح: اپنی نیت کو خالص کریں، اللہ تعالیٰ کی رضا کے کاموں یعنی اعمال صالحہ کو ترجیح دیں۔ اعمال صالحہ کی قبولیت کے لیے ایمان بنیادی شرط ہے۔ ہر کام کرتے ہوئے اپنے دل کی حالت کو چیک کریں کہ کون سا کام ہے جس سے میرے دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت بڑھی، ایمان بڑھا، اس راز کو جاننے کی کوشش کریں۔

بامقصد زندگی: اپنی زندگی کو بامقصد بنانے کے لیے خود کو کسی اچھے کام میں مصروف رکھیں۔ ماضی کی لغزشوں پر غمگین نہ رہیں، مستقبل کے بارے میں پریشان نہ ہوں بلکہ اللہ سے دعا کریں۔

انسانوں کے ساتھ اچھا معاملہ: ہر ایک انسان کے ساتھ اچھا معاملہ کریں اور بہترین اخلاق کا مظاہرہ کریں۔

اللہ کا ذکر: اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے، کوئی بھی کام کرتے ہوئے، اپنی زبان کو ہر وقت اللہ کے ذکر سے تر رکھیں۔

شکر: اپنی روزمرہ زندگی میں اللہ کی نعمتوں کو دیکھنا شروع کر دیں اور ہر نعمت کو دیکھتے ہوئے دل سے الحمد للہ کہیں۔ جب بھی لوگوں سے ملیں تو نعمتوں پر بات کریں۔

توکل: کمزور سہاروں کو چھوڑ کر اللہ ہی پر توکل رکھیں۔ نبی کریم ﷺ کی سیرت، صحابہ کرام، صحابیات، امہات المومنین اور سلف صالحین کے حالاتِ زندگی کا مطالعہ کریں۔

اعتدال: ہر کام میں توازن اور اعتدال رکھیں۔ جس کام کی آپ میں اہلیت نہیں اس کی ذمہ داری قبول نہ کریں۔ جو کام بھی شروع کریں، ابتدا میں چھوٹے قدم لیں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو سنت کے مطابق زندگی گزارنے کی توفیق عطا فرمائے، ہماری زندگیوں میں آسانیاں پیدا فرمائے، ہمیں آسانیاں بانٹنے والا بنائے اور دنیا اور آخرت میں صالحین کی صحبت نصیب فرمائے۔ آمین

ڈاکٹر فرحت ہاشمی

ایڈیٹر نوٹ

معزز قارئین السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمدللہ یہ شمارہ اس خوشخبری کی ساتھ پیش خدمت ہے کہ محترمہ استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ تین سال کے بعد آج ہمارے درمیان موجود ہیں۔ کینیڈا ہو یا دنیا کا کوئی اور شہر، کاروان علم تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے متواتر رواں دواں رہا۔ یوں کہہ لیجئے کہ خاص بات یہ ہے کہ میر کارواں نومبر میں بنفس نفیس الھدیٰ اسلام آباد تشریف لے آئیں۔ ہم سب کے ساتھ ساتھ نئی طالبات کا اپنی عزیز ترین اور محترم استاذہ سے ملاقات کا شوق قابل دید تھا۔ ہر سیشن میں قریبی برانچز سے وفود کے آنے کا سلسلہ بھی شروع ہو گیا۔ پاکستان بھر سے الھدیٰ برانچز سے آنے والوں کے شوق کو دیکھتے ہوئے استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ اور محترم استاذ ڈاکٹر ادریس زبیر صاحب نے بذات خود پاکستان کے مختلف شہروں کا علمی دورہ کا ارادہ کیا جس سے ملک کے کونے کونے سے ہزاروں لوگ مستفیض ہو رہے ہیں۔ اس سفر کی کچھ جھلکیاں آپ اس شمارے میں دیکھیں گے۔ گزشتہ چار ماہ میں حسب معمول الھدیٰ کی علمی و تدریسی سرگرمیوں کا سلسلہ اپنے اہداف کے مطابق کامیابی سے جاری رہا۔ ہم ان سب اساتذہ اور طالبات کو دعا اور مبارکباد دیتے ہیں جن کے کورسز کی تکمیل ہوئی۔ شعبہ خدمت خلق کی ٹیمیں ملک کے مختلف علاقوں میں حسب استطاعت سیلاب زدگان کے لیے امدادی کاموں میں مسلسل مصروف ہیں۔ سردی کی شدت سے متاثرہ علاقوں میں بروقت گرم کپڑے، راشن پہنچانے اور ان کی بحالی کا کام بھی جاری ہے۔ الھدیٰ کے مشن کو کامیاب بنانے میں ہم آپ کے تعاون کے شکر گزار ہیں۔ آپ کی آگہی کے لئے مختصر جائزہ پیش خدمت ہے۔

طاہرہ خان

علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا ربّ

تکمیل قرآن تقریب۔۔۔لوجہ اللہ

24 دسمبر 2022 کو الھدیٰ انسٹیٹیوٹ اسلام آباد میں تعلیم القرآن کورس (اردو) کے ساتھ ساتھ تعلیم الحدیث، تدبر القرآن، تعلیم التجوید (تین لیولز)، عشرہ قراءات، ہفتہ وار علم التجوید مارننگ (تین لیولز) علم التجوید ایوننگ آن لائن (تین لیولز) اور فہم القرآن اردو انگلش کورسز کی تکمیل کی ایک پروقار تقریب ہوئی۔ تکمیل پروگرام کی مہمان خصوصی استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ تھیں۔ اس موقع پر قرآن وحدیث کی طالبات نے اپنے تاثرات پیش کرتے ہوئے بتایا کہ کس طرح قرآن وحدیث کے اس سفر سے گزرنے کے بعد انھیں زندگی کا ایک نیا اور اصل مقصد سمجھ آیا۔ تعلیم القرآن 1 میں تین بہنوں نے ایک ساتھ اپنا قرآن کا سفر مکمل کیا۔ انہوں نے خوبصورت انداز میں اپنے اس سفر کو بیان کیا۔ اسی طرح تدبر القرآن کورس کی طالبات نے مکالمے اور حدیث کورس کی طالبات نے skit کی صورت میں حدیث کے علم کی افادیت اور حدیث سے حاصل ہونے والے مختلف فوائد کا بہترین طریقے سے ذکر کیا۔ الھدیٰ کی ہماری سینئر ساتھی طاہرہ خان صاحبہ نے بہت خوبصورت انداز میں استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کے برسوں پہلے دیکھے گئے ایک ایسے خواب کا ذکر کیا جس کی تعبیر الھدیٰ کی صورت میں ہمارے سامنے موجود ہے۔ ڈائریکٹر انسٹیٹیوٹ محترمہ زبیدہ عزیز نے اظہار تشکر کے کلمات ادا کیے۔ استاذہ محترمہ نے فارغ التحصیل ہونے والی طالبات کو اہم نصیحتیں کیں اور تمام سٹاف کی محنت کو سراہتے ہوئے تحفتاً قرآن مجید دیے۔

الھدیٰ انٹرنیشنل سکول میں ماحولیات کے موضوع پر نمائش

AIS کی طرف سے اسلامی سائنسی نمائش کا اہتمام کیا گیا، جس کی تھیم "Earth Matters" تھی۔ اساتذہ اور بچوں نے بہت محنت سے تیاری کی اور موضوعات کا چناؤ کر کے ان پر ریسرچ کی اور پھر ان سے متعلق ماڈلز کو ڈیسپلے کیا۔ ٹیچرز کی راہنمائی میں چھوٹے چھوٹے بچے آج کے اہم ماحولیاتی مسائل کے بارے میں نمائش کے شرکا کو بتا رہے تھے۔ اس سے بچوں میں لوگوں کے سامنے بات کرنے کا اعتماد بھی پیدا ہوا۔

پاکستانی خاتون وکیل کے لیے اعزازی سرٹیفکیٹ

امریکہ کے جسٹس ڈیپارٹمنٹ (FBI) کی جانب سے راولپنڈی کورٹ سے تعلق رکھنے والی پروسیکیوٹر نغمانہ شبیر کو اعزازی سرٹیفکیٹ دیا گیا۔ یہ اعزاز ان کو ایک امریکی شہری کے پاکستان میں قتل کے مقدمے کی اخلاص اور محنت سے پیروی کرتے ہوئے مظلوم خاندان کو انصاف دلانے کے صلے میں دیا گیا۔ نغمانہ شبیر الھدیٰ مصریال برانچ کے تحت ہونے والی خواتین وکلاء کی قرآن کلاس کی طالبہ ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ اس حوصلہ افزائی سے ملکی سطح پر بھی ان کا وقار بلند ہوا ہے۔

"Burns and Scalds" کے موضوع پر خصوصی لیکچر

30 نومبر 2022 کو الھدیٰ عائشہ منزل برانچ کراچی میں طالبات اور سٹاف کے لیے اس اسپیشل لیکچر کا اہتمام کیا گیا۔ کنسلٹنٹ پلاسٹک سرجن ڈاکٹر سامیہ تسلیم کو اس لیکچر کے لیے مدعو کیا گیا تھا۔ انہوں نے آگ، بجلی اور کیمیکل مواد سے ہونے والے Burns پر دی جانے والی ابتدائی طبی امداد کے بارے میں راہنمائی دی۔ اس کے ساتھ مندرجہ ذیل حفاظتی اقدامات بھی بتائے:

- رات کو سونے سے پہلے گیس کے تمام آلات بند کر دیں (خصوصاً مین والو)
- گیس کے آلات استعمال کرنے سے قبل باورچی خانہ کی تمام کھڑکیاں اور دروازے کھول دیں۔
- موبائل فون کو چارجر پر لگا کر استعمال نہ کریں۔

طہارت کے موضوع پر ورکشاپ

31 اکتوبر 2022 کو الھدیٰ گلشن اقبال برانچ کراچی میں طہارت کے موضوع پر ایک ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔ اس میں الھدیٰ کی مختلف کورسز کی طالبات، دیگر اسکولوں اور یونیورسٹی سے سٹاف، طالبات، سراج الدولہ ہاسٹل کی طالبات کے علاوہ کچھ مہمان خواتین نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر مختلف سٹالز پر طہارہ کے موضوعات کو روزمرہ زندگی سے عملی مثالوں کے ساتھ سمجھایا گیا۔ مسواک کے موضوع پر سٹال پر دانتوں کی لیڈی ڈاکٹر نے شرکا کی راہنمائی کی اور ضرورت کے تحت ان کے دانتوں کا معائنہ بھی کیا۔ استحاضہ اور لیکوریا کے سٹال پر لیڈی ڈاکٹرز نے شرعی احکامات کے ساتھ ساتھ طبی راہنمائی بھی کی۔ جن طالبات نے اس سرگرمی میں حصہ لیا، ان کا کہنا تھا کہ انہیں لوگوں کے سامنے خود اعتمادی کے ساتھ بات کرنے اور دعوہ کے طریقے سیکھنے کا موقع ملا۔

کاروان علم ہے رواں دواں

الحمدللہ کاروان علم کا یہ سفر استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کی راہ نمائی میں گزشتہ 28 سال سے جاری وساری ہے اور دنیا کے کونے کونے میں ہزاروں لوگوں کے دل علم کی روشنی سے منور ہو رہے ہیں۔ استاذہ محترمہ کی الھدیٰ اسلام آباد آمد کے بعد 24 نومبر سے مین کیمپس میں مختلف علمی سیشنز کا سلسلہ شروع ہو گیا، جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

24 نومبر: صحیح البخاری سے کتاب التعبیر کے پہلے لیکچر میں امام بخاریؒ کے حالات زندگی بیان کیے۔ امام بخاریؒ کا علم حاصل کرنے کا شوق اور احادیث کو جمع کرنے میں ان کی جدوجہد نہایت ایمان افروز اور سب کے لیے مشعل راہ ہے۔

• 25 نومبر: فقہ القلوب سے "فقہ العلم والعمل کے باب "اھل التکلیف" کا کچھ حصہ پڑھایا۔

• 26 نومبر: القرآن تدبر و عمل سے سورۃ فاطر کی چند آیات کا گہرائی سے مطالعہ کیا اور علم وحکمت کے عملی اسباق اخذ کیے۔

یہ کلاسز 24 دسمبر تک جاری رہیں۔ خوابوں کی تعبیر کے بارے میں بہت سی نئی مفید معلومات حاصل ہوئیں اور غلط سوچوں کی نفی ہوئی۔ استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی سے ملاقات اور علم سے استفادہ کے لیے مختلف ریجنز سے طالبات وسٹاف نے اسلام آباد کا دورہ کیا۔ راولپنڈی، اسلام آباد، واہ کینٹ، گجرات، آزاد کشمیر، ایبٹ آباد، ہری پور، چکوال اور اٹک سے تقریباً 3386 طالبات اور سٹاف ممبران نے ان ایمان افروز کلاسز میں شرکت کی۔

• 24 دسمبر تک اسلام آباد میں قیام کے دوران 11 اور 18 دسمبر کو ٹیکسلا اور سرگودھا کا دورہ بھی کیا۔

• 11 دسمبر: رائل سن ہال ٹیکسلا میں استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی نے "صلہ رحمی" کے موضوع پر لیکچر دیا۔ اس کے بعد واہ کینٹ، برہان، حسن ابدال اور کامرہ سے الھدیٰ سٹاف نے استاذہ فرحت ہاشمی کے ساتھ میٹنگ میں شرکت کی۔

• 18 دسمبر: "باب حرم" سرگودھا میں استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی نے "بچوں کی تربیت" پر لیکچر دیا جس میں بھلوال، سرگودھا اور قریبی علاقوں سے لوگوں نے بھی شرکت کی۔

• 24 دسمبر کو الھدیٰ انسٹیٹیوٹ اسلام آباد میں مختلف کورسز کی تکمیل کی تقریب میں شرکت کے بعد استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی اور استاذ ڈاکٹر ادریس زبیر لاہور کے لیے روانہ ہوئے۔

علم کے نور کو پھیلاتے ہوئے انہوں نے ملک کے طول وعرض میں بہت سے شہروں کا دورہ کیا اور مختلف موضوعات پر دروس دیے جن سے نہ صرف مقامی لوگ بلکہ آن لائن سننے والے بھی مستفید ہوئے۔ الھدیٰ برانچز کے علاوہ مختلف تعلیمی اداروں میں بھی اسپیشل لیکچرز کا اہتمام کیا گیا جن میں ہر طبقہ فکر کے لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی اور بے حد خوشی سے اپنے محترم اساتذہ کا استقبال کیا۔ ڈاکٹر ادریس زبیر صاحب نے کئی مقامات پر جمعہ کے خطبے بھی دیے۔

کاروان علم ہے رواں دواں

استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کے علمی سیشنز کی تفصیل درجہ ذیل ہے۔

میلہ (گاؤں)

پروگرام کے مطابق راستے میں میلہ کے مقام پر خواتین کی مجلس میں نماز کی اہمیت اور سچائی پر درس دیا۔ یہ خواتین دین کا علم حاصل کرنے کا بہت شوق رکھتی ہیں اور ان میں کچھ باقاعدہ طور پر تعلیم القرآن کورس کر رہی ہیں۔

لاہور: 26 دسمبر 2022 تا 7 جنوری 2023 (صبح) "صحیح البخاری، کتاب الفتن"، ایوان اقبال

26 دسمبر 2022 (شام) "اچھے تعلقات"، سادات ٹاؤن

27 دسمبر 2022 (شام) "زبان کی حفاظت"، ٹوپاز مارکی جوہر ٹاؤن

28 دسمبر 2022 (شام) "آخرت کی تیاری"، مبارک مسجد گوالمنڈی

29 دسمبر 2022 (شام) "اللہ کی محبت"، گورے مارکی، گلبرک

30 دسمبر 2022 (شام) "فقہ القلوب، اہل التکلیف"، شیر شاہ بلاک، گارڈن ٹاؤن

31 دسمبر 2022 (شام) "ضروریاتِ زندگی"، سٹیٹ لائف ہاؤسنگ سوسائٹی

31 دسمبر 2022 (شام) "مقصدِ حیات"، ایوانِ شاہ جہان میرج ہال، قصور

2 جنوری 2023 (شام) "حسنِ اخلاق"، پرائم مارکی، نیسپاک سوسائٹی

5 جنوری 2023 (شام) "اہل وعیال کی نجات"، قصرِ سعید وحدت روڈ، مصطفیٰ ٹاؤن

6 جنوری 2023 (شام) "فقہ القلوب، اہل التکلیف"، نایاب سٹریٹ، نواب ٹاؤن

سیالکوٹ: 8 جنوری 2023 (صبح) "درس حدیث"، The Heritage Club سیالکوٹ کینٹ

8 جنوری 2023 (شام) برانچ انچارجز اور سٹاف میٹنگ، سیالکوٹ ریجنل کیمپس

9 جنوری 2023 (صبح) "صحیح البخاری کتاب الاحکام" اور ریجنل سٹاف کے ساتھ میٹنگ

گوجرانوالہ: 10 جنوری 2023 درس حدیث "کھانا کھانے کے بعد کی دعائیں"، ہیون کاسل، جی ٹی روڈ

10 جنوری 2023 (شام) "Let Your Character Shine"، گفٹ یونیورسٹی سیالکوٹ بائی پاس

گجرات: 11 جنوری 2023 (صبح) "اللہ کی محبت"، نور مارکی گجرات

11 جنوری 2023 (شام) "درس قرآن"، لیڈیز کلب گجرات

لالہ موسیٰ: 12 جنوری 2023: "عافیت کی دعا بہترین دعا"، دی فورٹ میرج ہال

جہلم: 13 جنوری 2023 (صبح) "شیطان کے ہتھکنڈے"، دیوان سعید گولڈ مارکی

13 جنوری 2023 (شام) "فقہ القلوب (اہل التکلیف)"، دیوان سعید گولڈ مارکی

منڈی بہاؤالدین: 14 جنوری 2023: "رنج وغم"، حیدر پیلس پھالیہ روڈ منڈی بہاؤالدین

ہری پور:

15 جنوری 2023: "اللہ کا حق پہچان کر اس کا شکر ادا کرنا"، زیبائش میرج ہال

ہری پور سے واپس آنے کے بعد اسلام آباد میں استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی نے 17، 18، 19 اور 21 جنوری کو القرآن تدبر و عمل، سورۃ فاطر کی آیات اور 20 جنوری کو فقہ القلوب سے باب "اہل التکلیف" کا کچھ حصہ پڑھایا۔ اس دوران اسٹاف میٹنگز کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ اس کے بعد سفر دوبارہ شروع ہوا اور اس مرتبہ رخ فیصل آباد کی طرف تھا۔

فیصل آباد:

21 جنوری 2023 (شام) "اختلاف کے باوجود اتحاد"، پیراڈائس ویلی 2

22 جنوری 2023 (صبح) "قلب سلیم"، رائل پام مارکی

22 جنوری 2023 (شام) ریجنل کلاسز کی طالبات کے ساتھ میٹنگ، رائل پام مارکی

"سورۃ فاطر"، جامعہ سلفیہ

"فتنوں کے دور میں اسلام پر استقامت"، کرسٹل میرج ہال

"کام کو موثر اور منظم بنانے کے اقدامات"، کرسٹل میرج ہال سٹاف کے ساتھ میٹنگ

جھنگ: 23 جنوری 2023 "درس حدیث"، جھنگ پیلس دارالسکینہ روڈ جھنگ

عبدالحکیم: 24 جنوری 2023 "اخروی کامیابی کے تقاضے"، شاہ جہان میرج ہال کچا کھوہ روڈ عبدالحکیم

ملتان: 25 جنوری 2023 (صبح) "امام بخاری کا تعارف"، آفیسرز کالونی

25 جنوری 2023 (شام) "کانووکیشن"، رائل مارکی کینٹ

26 جنوری 2023 (صبح) "صحیح البخاری کتاب الاحکام"، آفیسرز کالونی

26 جنوری 2023 (شام) "سورۃ فاطر، نماز، صدقہ، تلاوت قرآن"، خواجہ ہاؤس آفیسرز کالونی

27 جنوری 2023 (صبح) "فقہ القلوب اہل التکلیف"، آفیسرز کالونی

27 جنوری 2023 (شام) "سورۃ فاطر آیت 20"، فضل ہاؤس کینٹ

28 جنوری 2023 (صبح) "سیرت رسول ﷺ"، رائل مارکی کینٹ

28 جنوری 2023 (شام) "حیا ایمان کا حصہ"، پنجاب کالج

بہاولپور: 29 جنوری 2023 "مقصد زندگی"، وہیب مارکی بہاولپور

رحیم یار خان:

30 جنوری تا 3 فروری 2023 (صبح) "صحیح البخاری کتاب الاحکام"، الھدیٰ عباسیہ ٹاؤن

30 جنوری 2023 (شام) "کانووکیشن (زندگی میں آسانی)"، پی سی مارکی

31 جنوری 2023 (شام) "مریض کی عیادت اور تیمارداری"، شیخ زید میڈیکل کالج، فرینڈز آف الھدیٰ کے ساتھ میٹنگ (انفاق فی سبیل اللہ)، ڈیزرٹ پام

1 فروری 2023 (شام) "آخری سفر کی تیاری"، خواجہ فرید کالج، ورکنگ ویمن اور ایڈووکیٹس کے ساتھ میٹنگ (عباد الرحمٰن کی صفات)، الھدیٰ صادق آباد برانچ

2 فروری 2023 (شام) "ذکر الٰہی"، فاطمہ فرٹیلائزرز کمپنی

3 فروری 2023 (شام) "فقہ القلوب، کتاب الاحکام" اور ریجنل سٹاف میٹنگ (حکمت) گلشن اقبال برانچ

4 فروری 2023 (صبح) "علم کی اہمیت اور فضیلت"، غزالی پبلک سکول اینڈ کالج گھوٹکی

4 فروری 2023 (شام) "مومن کا کردار"، مہران کلچرل ہال سکھر

سویٹ ہومز، یتیم خانہ کے بچوں کے ساتھ سوال و جواب اور درس

5 فروری 2023 (صبح) "حسن اخلاق"، آئی بی اے یونیورسٹی

یہ کاروان علم ابھی رواں دواں ہے جس کی تفصیل اگلے شمارہ میں شامل کی جائے گی۔ ان شاء اللہ

علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب

اچھے خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ

صحیح البخاری، کتاب التعبیر کی بیان کردہ روایات میں اچھے خوابوں کو تین طرح سے شمار کیا گیا۔

- الرؤیا الصالحة اچھے خواب
- الرؤیا الصادقة سچے خوب
- الرؤیا الحسنة بھلے خواب

1۔ یہ تینوں طرح کے خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں اور انہیں نبوت کا چھیالیسواں حصہ قرار دیا گیا ہے۔ بعض روایات میں انہیں مبشرات بھی کہا گیا ہے یعنی خوشخبریاں۔

جس طرح انبیاء کو اللہ کی طرف سے سچے خواب آتے ہیں، اسی طرح صالح لوگوں کو بھی سچے خواب آتے ہیں جو اللہ کی طرف سے ہوتے ہیں تو اچھے اور سچے خوابوں کی اس مماثلت کی وجہ سے انہیں نبوت کا چھیالیسواں حصہ قرار دیا گیا ہے اگرچہ اس سے خواب دیکھنے والا نبی نہیں بن جاتا۔

2۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے نبوت تو ختم ہو گئی ہے لیکن اللہ کے نیک، سچے اور بھلے بندوں کو اللہ کی طرف سے مبشرات کی شکل میں بھلائی اور خیر حاصل ہوتی ہے۔ وہ خواب ان کے لیے دنیا کی زندگی میں راہ نمائی کا ذریعہ بنتے ہیں۔ ان کے ذریعے شرعی امور کی مزید موافقت ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ انہیں خیر کی طرف متوجہ کرتے ہیں یا شر سے خبردار کرتا ہے۔

3۔ یہ خواب نبوت کے خصائل میں سے ہیں یعنی جس طرح کسی نبی کو منتخب کیے جانے کی بنیاد کچھ خصائل ہوتے ہیں، اسی طرح کچھ اور لوگوں میں بھی ان اچھے خصائل میں سے کچھ پائے جا سکتے ہیں جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ انہیں بھی خواب کی صورت میں راہ نمائی عطا فرماتا ہے۔ یہ اللہ کا خاص فضل اور انعام ہوتا ہے۔ ضروری نہیں کہ صالح افراد کا ہر خواب ہی سچا ہو، انہیں بھی کبھی تحدیث نفس یا شیطان کی طرف سے دکھائے جانے والے احلام سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے۔

چنانچہ اچھے اور سچے خواب اگر کسی کو آتے ہیں تو یہ اللہ کی طرف سے ایک عطا ہے کیونکہ خواب انسان کوشش کر کے خود سے نہیں دیکھ سکتا۔ اس لیے اس مہربانی پر اللہ کا خاص شکر ادا کرنا چاہیے، اللہ کی تعریف بیان کرنی چاہیے اور کسی قسم کی بڑائی یا تکبر کا شکار ہو کر خود کو دوسروں سے اعلیٰ نہیں سمجھنا چاہیے۔

زبیدہ عزیز

فتنوں کے دور میں کرنے کے کام

دورِ حاضر میں فتنوں کا مقابلہ کرنے کے لیے احادیث کی روشنی میں مندرجہ ذیل کام کر کے زندگی کو بہتر اور مفید بنایا جا سکتا ہے:

- فتنوں سے آگہی اور ان سے بچنے کی تدبیر اور دعا کرنا۔
- کسی بھی فتنے کو دیکھ کر نماز اور صبر سے کام لینا اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے اپنا تعلق مضبوط کرنا۔
- حالات جیسے بھی ہوں فتنوں کا حصہ نہ بننا اور نہ دوسروں کو بننے دینا۔
- ذہنی طور پر زندگی کی مشکلات کے لیے تیار رہنا۔
- نیک لوگوں کی صحبت اختیار کرنا اور قرآن اور سنت کو مضبوطی سے تھامے رکھنا۔
- اختلافات کے باوجود دلوں میں وسعت پیدا کرنا۔
- امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو ترک نہ کرنا۔
- دوسروں کو فتنوں کے بارے میں خاص طور پر دجال کے بارے میں آگاہ کرنا۔
- نبی ﷺ کی سنت کی پیروی کرتے ہوئے ہر نماز میں دجال کے فتنے سے پناہ مانگنا۔
- اپنے کردار، اور حواسِ خمسہ بالخصوص زبان، ہاتھ اور نگاہ کی حفاظت کرنا۔
- دوسروں کے بارے میں رائے قائم کرنے سے گریز کرنا۔
- جس معاملہ میں آپ کا اختیار نہیں ہے اس کے بارے میں بحث کرنے سے پرہیز کرنا۔
- اگر کسی جگہ دین یا ایمان جانے کا خطرہ ہو تو بہتر ہے کہ اس جگہ یا ایسے انسانوں کو چھوڑ دینا۔
- اگر کبھی ہمارے حق کے معاملے میں ہمارے ساتھ زیادتی ہو تو بدلے میں دوسروں کو ان کے حقوق سے محروم کرنے کی بجائے ان کے حقوق ادا کرنا اور اپنا حق اللہ سے مانگنا۔
- غیر ضروری بحث و مباحثہ، تبصروں اور غیبت سے اپنے آپ کو بچانا اور امیر کی اطاعت کرنا۔
- خود کو تعمیری کاموں میں مصروف کرنا، وقت ضائع کرنے اور غیر ضروری کاموں سے اعراض کرنا۔
- علم نافع کے حصول کے لئے غیر ضروری باتوں سے اعراض کرنا اور سوشل میڈیا کے استعمال کو محدود کرنا۔
- ہر قسم کے حالات میں دین کا علم سیکھتے رہنا اور اپنی سوچ کو ہمیشہ مثبت اور پاکیزہ رکھنا۔
- اپنے ایمان کی حفاظت اور اخلاق کے معیار کو بہتر بنانا اور جہالت سے خود کو اور اپنی نسلوں کو بچانا۔
- استغفار کی کثرت، وعدوں کی پاسداری اور قیام اللیل کی عادت اپنانا۔
- اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے اسماء وصفات کا علم حاصل کرنا تاکہ اس کی ذات پر مکمل اعتماد ہو۔
- علم کو عمل میں لانا اور اپنے اخلاق سے ظاہر کرنا۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں ہر طرح کے فتنوں سے اپنی پناہ میں رکھے اور جو علم ہم نے حاصل کیا ہے اس پر عمل کرنے کی توفیق اور استقامت عطا فرمائے۔ آمین

نوید امتیاز لاہور ریجن کورس 26 دسمبر 2022 تا 7 جنوری 2023

علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا ربّ

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ

نام وکنیت

ان کا نام عبدالرحمن بن صخر اور کنیت ابو ہریرہؓ تھی۔

• یتیمی کی حالت میں بڑے ہوئے بکریاں چراتے محنت مزدوری کرتے تھے۔ الدوس قبیلہ سے تعلق تھا، اصلاً یمن سے تھے۔

علم حدیث کے حریص

نبی ﷺ کے اصحاب اور حفاظ صحابہ میں سے تھے۔ پختہ حافظہ کے مالک، حدیث کے حافظ تھے۔ اہل صفہ میں سے تھے۔ امت کے عظیم محدث۔ صرف تین سال نبی ﷺ کے ساتھ رہے لیکن سب سے زیادہ احادیث روایت کرنے کا شرف حاصل ہوا۔ آپ نے 5374 احادیث روایت کی ہیں۔

اساتذہ کرام

آپ نے نبی ﷺ کے علاوہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، حضرت عمرؓ، ابی ابن کعب، اسامہ بن زید، سیدہ عائشہ (رضی اللہ عنہا) اور بہت سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے سیکھا۔

فقر وفاقہ

اپنے آپ کو علم کے لیے وقف کر رکھا تھا علم حاصل کرنے کے لئے قربانیاں بھی دیں۔ کھانے پینے کا وقت نہ ملتا کم کھانے پہ گزارا کرتے کبھی پیٹ پر پتھر باندھ لیتے۔

نبی ﷺ کی خاص وصیت

نبی ﷺ کو ان سے خاص انس تھا آپ نے ان کو وصیت بھی کی کہ

1۔ مہینے کے تین روزے 2۔ چاشت کی نماز 3۔ وتر کی نماز کا اہتمام کرنا

وفات

وفات کے وقت بھی حدیث روایت کر رہے تھے۔ ان کی وفات کا وقت جب قریب آیا تو کہنے لگے کہ مجھ پہ نہ کوئی خیمہ لگانا نہ میرے ساتھ آگ لے کر جانا اور مجھے جلد دفنانے کے لیے لے جانا کیوں کہ میں نے نبی ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ

"جب نیک آدمی کو چارپائی پر رکھا جاتا ہے تو وہ کہتا ہے: مجھے جلدی لے چلو، مجھے جلد لے چلو، لیکن جب گنہگار بندے کو چارپائی پر رکھا جاتا ہے تو وہ کہتا ہے: ہائے افسوس تم مجھے کدھر لے جا رہے ہو"

50 سال تک لوگوں کو تعلیم دی 78 برس کی عمر میں 58 ہجری میں عقیق کے مقام پر فوت ہوئے۔

ان کی دعا

اے اللہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی بخشش فرما اور میری والدہ کی اور جو لوگ ان دونوں کی بخشش کے لیے دعا کریں ان کی بخشش فرما۔ آمین

الراوی: محمد بن سیرین المحدث: الألبانی

سٹوڈنٹس کارنر

سوشل میڈیا کا استعمال ہماری شخصیت کا عکاس

بعض اوقات ہمارے کچھ ساتھی فیس بک پر ایک دوسرے کو، یا فیملی کو برتھ ڈے کی مبارک باد دیتے نظر آتے ہیں اور بسا اوقات اپنی ایسی تصاویر پوسٹ کرتے ہیں جو اُن کے شاگرد یا ارد گرد کے لوگ دیکھ کر سمجھتے ہیں کہ ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ کبھی سیاسی نظریات پر بحث ہو رہی ہوتی ہے جس سے کمنٹس میں بحث کا ایک سلسلہ چل نکلتا ہے۔ سوشل میڈیا کا استعمال ہماری شخصیت کا عکاس بن چکا ہے۔ ہم کیا پوسٹ کرتے ہیں، کیا شیئر کرتے ہیں، کون سے پیج یا پوسٹس لائک کرتے ہیں، ہمیں اندازہ ہی نہیں ہوتا کہ اس کے ذریعے ہم کتنے لوگوں کی ذہن سازی کر رہے ہوتے ہیں۔ ہمیں اس بات کا احساس ہی نہیں ہوتا کہ ہو سکتا ہے کہ ہم کسی کی گمراہی کا باعث بن رہے ہوں۔ وہ حدیث بھی یاد آ رہی ہے جس کا مفہوم ہے کہ آدمی انجانے میں ایک بات کہتا ہے اور اُس کے باعث جہنم کا حقدار ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس بات سے اپنی پناہ میں رکھے کہ ہماری سوشل میڈیا پر غیر محتاط ایکٹیویٹی کسی کی گمراہی یا ہماری ہلاکت کا باعث بنے۔

فریحہ میلہ

دلچسپ اتفاق

الھدیٰ سیکستھ روڈ برانچ راولپنڈی کی انچارج نائلہ عباس کہتی ہیں کہ اپنی برانچ میں حدیث کورس کے دوسرے مرحلے کے آغاز پر دلچسپ اتفاقات پیش آئے۔ میں نے صحیح البخاری کے باب "کتاب المناقب" سے پہلے امام بخاری کے حالات استاذہ کے حالیہ لیکچرز سے سنوانے کا فیصلہ کیا۔ جونہی میں نے کمپیوٹر چارجر کو بجلی کے سوئچ میں لگایا تو کانوں میں آپ کے یہ الفاظ "سب چارجنگ کا کام کلاس سے پہلے کر لیا کریں"، سن کر طالبات بہت محظوظ ہوئیں کہ کیسا اتفاق ہے! پھر کچھ دیر کے بعد میں نے دروازہ تھوڑا سا کھولا تا کہ تازہ ہوا آ سکے تو استاذہ کے یہ الفاظ سنے "گھٹن ہو رہی ہے دروازہ کھول دیں"، یہ سن کر تمام طالبات کے چہروں پر ایک بار پھر مسکراہٹ پھیل گئی اور سب سوچنے لگیں کہ معلوم نہیں یہ سب اتفاقات کیسے ہو جاتے ہیں۔

نائلہ عباس

خدمتِ خلق

سیلاب متاثرین میں راشن، گرم کپڑے اور خیموں کی تقسیم

الھدیٰ شعبہ خدمت خلق کے تحت سریاب (بلوچستان) کے علاقے میں مستحق افراد میں راشن، گرم کپڑے اور خیمے تقسیم کیے گئے۔ اس کے علاوہ 500 افراد کے لیے فری میڈیکل کیمپ کا بھی اہتمام کیا گیا۔

اس کے علاوہ کوئٹہ، قلات، پشین، دشت اور ڈیرہ بگٹی میں بھی سیلاب متاثرین میں خیمے، راشن اور بستر تقسیم کیے۔

سردی سے بچاؤ مہم

لاہور: شعبہ خدمت خلق لاہور کی ٹیم نے یتیم خانہ کا دورہ کیا اور بچوں میں گرم کپڑے تقسیم کیے اور ان کے ساتھ کچھ وقت گزارا۔ اگلے مرحلے میں لاہور کے پسماندہ علاقے شاہدرہ میں انتہائی ضرورت مند گھرانوں میں گرم بستر اور کپڑوں پر مشتمل فیملی پیکس تقسیم کیے گئے۔

خیبر پختون خواہ: دسمبر میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں اپر دیر، چارسدہ، ڈیرہ اسماعیل خان میں گرم کپڑے، بستر، لحاف، سویٹر اور شالوں پر مشتمل 400 پیکٹ تقسیم کیے۔

کوٹ مٹھن ضلع راجن پور میں راشن، پانی کی بوتلیں، مچھر دانیاں، موسپل اور بچوں کے لیے تحائف 70 خاندانوں میں تقسیم کیے گئے۔ اس کے علاوہ میڈیکل کیمپ بھی لگایا گیا جس میں 200 سے زائد خواتین اور مرد حضرات کا طبی معائنہ کیا گیا۔

ملتان: ضلع ڈیرہ غازی خان کے مختلف علاقوں میں 200 رضائیاں، 200 فوم کے گدے، 200 گرم کپڑوں کے پیکس تقسیم کیے گئے۔ اس کے علاوہ میڈیکل کیمپ بھی لگایا گیا جس میں 400 لوگوں کا معائنہ کیا اور ادویات فراہم کی گئیں۔ خواتین کے لیے درس قرآن کا اہتمام بھی کیا گیا جس میں 100 خواتین نے شرکت کی، قرآنی و مسنون دعائیں بھی یاد کروائی گئیں۔

نوشہرہ کچکول آباد: شعبہ خدمت خلق کے تحت کچکول آباد میں خشک راشن 150 پیکس، پانی کی بوتلیں 150 کارٹن، گرم کپڑے 250 پیکس، برتن 150 پیک، بستر 150 پیک اور طہارت اور صفائی کے 150 پیکس تقسیم کیے گئے۔ اس کے علاوہ الھدیٰ نوشہرہ نے قرآن مجید اور دعا کارڈز تقسیم کیے۔ بیلہ کے علاقے میں 90 گھرانوں میں قرآن مجید اور دعا کارڈز تقسیم کیے گئے۔ رحیم یار خان رحمان میں بھی الھدیٰ شعبہ خدمت خلق کے تحت فوڈ پیکس، صاف پانی کی بوتلیں اور کپڑے تقسیم کیے گئے۔ بستی چھجرا (تونسہ شریف) اور اس کی نواحی بستیوں میں 200 بستر، 100 پانی کی بوتلیں، 50 راشن پیکس، اور دیگر ضروریات زندگی کا سامان تقسیم کیا گیا۔

فراہمیٔ آب

شعبہ خدمت خلق لاہور نے تونسہ اور لاہور کے مضافاتی علاقوں، برکی روڈ اور ننکانہ صاحب میں submersible پمپس لگائے جن سے عوام کی کثیر تعداد مستفید ہو رہی ہے۔

شجر کاری مہم

ملتان ریجن کے تحت 844 پودے لگائے گئے جس میں الھدیٰ طالبات اور سٹاف نے بھرپور حصہ لیا۔

Bank Details

A/C Title: Al-Huda International Welfare Foundation
A/C # 0104783594 (Rupee)
IBAN AC # PK13MEZN0003160104783594
Branch Code: 0316, Swift Code: MEZNPKKAGRD
Meezan Bank Ltd,
E-11 branch Islamabad
Donate online
https://www.alhudapk.com/donate.html

سروسز

ماہانہ راشن	5070	پیکس
مالی امداد	490	خاندان
تعلیمی امداد	648	طلباء
طبی امداد	174	خاندان
میڈیکل کیمپ	4650	افراد مستفید ہوئے
ووکیشنل سنٹر	36 افراد	
میرج بیورو	79	رشتے ہوئے
امداد برائے شادی	601	افراد
طعام المسکین	9282	افراد مستفید ہوئے
غسل میت و کفن	305	
غسل میت ٹریننگ	85	افراد
مغسلہ	2	تعمیر ہوئے

پروجیکٹس

فراہمی آب	28000	افراد مستفید ہوئے
سردی سے بچاؤ مہم	26353	افراد مستفید ہوئے
آبادکاری	10 کروڑ	روپے مختص
ماہانہ راشن	5070	افراد مستفید ہوئے
قرض حسنہ	12	مستحقین
امداد برائے روزگار	25	افراد
بچت بازار	148	
مساجد کی تعمیر	5 مقامات	
گھروں کی تعمیر	2	

ہیلتھ کارنر

سرد موسم میں احتیاطی تدابیر

- سردی سے بچنے کے لیے مناسب گرم کپڑوں کا استعمال کرنا، ٹھنڈی ہوا اور شدید سردی میں نہ نکلنا

- دن میں کئی بار ہاتھ دھونا خصوصاً کھانے سے پہلے، وضو کرتے ہوئے غرارے کرنا اور نیم گرم پانی ناک میں چڑھانا
- مسواک سے زبان اور تالو صاف کرنا
- نزلہ، زکام اور کھانسی میں مبتلا افراد سے مناسب فاصلہ رکھنا

- اپنے جسم کا مدافعاتی نظام مضبوط کرنا، شہد کا باقاعدگی سے استعمال کرنا
- پینے کے لیے نیم گرم پانی استعمال کرنا
- کھانے میں لہسن، ادرک، ہلدی اور کالی مرچ کا استعمال کرنا
- باقاعدگی سے ورزش کرنا، تازہ ہوا میں لمبے سانس لینا اور روزانہ کچھ وقت کے لیے دھوپ میں بیٹھنا

- ٹھنڈا پانی، فاسٹ فوڈ، کولا مشروبات، تلی ہوئی اشیاء اور دیگر غیر صحت مند کھانوں سے پرہیز کرنا
- دمہ کے مریضوں کا گرد و غبار اور دھوئیں وغیرہ سے پرہیز کرنا

مدافعاتی نظام کو مضبوط کرنا

- تازہ پھل، سبزیاں، اناج اور قدرتی غذاؤں کا استعمال
- ایسی غذائیں جن میں میگنیشیم موجود ہو جیسے لوبیا اور خشک میوہ جات
- ایسی غذائیں جن میں وٹامن اے، بی اور سی موجود ہو جیسے مچھلی، سبز اور پیلے رنگ والی سبزیاں، مالٹا، گریپ فروٹ، امرود اور گھر میں بنا ہوا دہی
- ایسی غذائیں جن میں آئرن پایا جاتا ہے جیسے تل اور خشک پھل جو کسی preservative کے بغیر ہوں
- کھانوں میں لہسن، ادرک، ہلدی، کالی مرچ کا استعمال
- شہد اور زیتون کے تیل کا استعمال
- کھانے پینے میں اعتدال: بھوک لگنے پر کھانا اور پیٹ بہت زیادہ نہ بھرنا
- کھانے سے آدھا گھنٹہ قبل اور کھانے کے کم از کم ایک گھنٹے کے بعد پانی پینا
- چینی اور میدے سے بنی اشیاء اور دیگر غیر صحت بخش کھانوں سے پرہیز کرنا

Account Info Islamabad:

A/C Title:	Al-Huda International Welfare Foundation
A/C No.:	03160104783594
A/C Type:	PKR
Branch Code:	0316
Swift Code:	MEZNPKKAGRD
IBAN No.:	PK13MEZN0003160104783594
Bank:	Meezan Bank Ltd E-11 Branch, Islamabad

Donate online: www.alhudapk.com/donate

In case the donation is directly deposited in the bank account, please inform us by sending your bank transaction receipt on whatsapp: +92 3364444639 or email at donations@alhudapk.com

الھدیٰ کی طرف سے رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں مستحقین کے لیے

رمضان راشن پروگرام 2023

صاحب نصاب، بیمار، بوڑھے اور کسی عذر کی وجہ سے روزہ نہ رکھ سکنے والے افراد فدیہ یا زکوٰۃ کو اس مد میں جمع کروا سکتے ہیں۔
نیکی کے اس کام میں آپ بھی اپنا حصہ ڈالیے

ایک پیکٹ کی قیمت 8300 روپے (بمع ٹیکس و ٹرانسپورٹ چارجز)

USD 32 CAD 43 SR 120 AED 120 GBP 26 AUD 46

چائے کی پتی • آٹا • دال • چینی • چاول • کوکنگ آئل

ایڈیٹوریل ٹیم

سرپرست اعلیٰ: ڈاکٹر فرحت ہاشمی
مینیجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر فردوس روحی
ایڈیٹر: طاہرہ خان
گرافک ڈیزائنر اینڈ کمپوزر: مریم مظہر
پروف ریڈرز: رفقہ اصغر، فرخ چوہدری، زبیدہ عزیز، یاسمین خاکوانی

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
کراچی: 59E خیابانِ سحر، فیز 6، ڈی ایچ اے | فون: 8-35171136 21 92+
ای میل: reg.office.khi@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com